پریس ریلیز

# جنرل ہسپتال میں کیڈورک سپائن سرجری ورکشاپ، پاکستانی و بین الاقوامی فیکلٹی ممبران کے لیکچرز

## انٹرنیشنل ورکشاپ میں شرکت کیلئے 2 ہزار امریکی ڈالر فیس، ایل جی ایچ میں مفت سہولت فراہم کی گئی

### قدرتی آفات، ٹریفک حادثات کے زخمیوں کی جانیں بچانے کیلئے نوجوان ڈاکٹرز اپنی مہارت بڑھائیں: پروفیسر الفرید ظفر

### ہڈی اور نیورو سرجری کے ماہرین نے عملی تربیت دی، سوال و جواب کا سیشن بھی ہوا

### ینگ ڈاکٹرز پیشہ وارانہ فیلڈ میں سینئر فیکلٹی کے تجربات سے استفادہ کریں: پروفیسر محمد حنیف میاں

لاہور، اگست 24:...... جنرل ہسپتال آرتھوپیڈک اینڈ سپائن یونٹ میں کیڈورک سپائن سرجری سے متعلق پروفیسر ڈاکٹر محمد حنیف میاں کی سربراہی میں ورکشاپ کا انعقاد ہوا۔ جس میں پاکستان بھر سے 60 سے زائد آرتھوپیڈک اور نیورو سرجنز نے شرکت کی اور قاہرہ یونیورسٹی، مصر سے آئے ہوئے ڈاکٹر حسام الدین مصطفی اور ڈاکٹر عمر محمد نے لیکچرز دیئے۔ بین الاقوامی فیکلٹی ممبران نے ہینڈز آن ٹریننگ کیلئے demonstration پیش کی جبکہ سینئر آرتھوپیڈک اور نیورو سرجن فیکلٹی ممبران نے شرکت کرنے والے ڈاکٹروں کو ریڑھ کی ہڈی، کیڈور ڈیسکشن اور مکمل سپائن فکسیشن پر آگاہی دی اور عملی تربیت کا مظاہرہ کیا۔

پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر نے اس ورکشاپ کو پی جی ایم آئی کی طبی تاریخ میں اسے ایک سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی ورکشاپ میں رجسٹریشن فیس تقریباً 2000 امریکی ڈالرز ہے لیکن ایل جی ایچ میں تمام ڈاکٹروں کے لیے یہ سہولت مفت فراہم کی گئی تھی تا کہ وہ اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو مزید اجاگر کر سکیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کامیاب ورکشاپ پر پروفیسر ڈاکٹر محمد حنیف میاں اور مقامی سینئر پروفیسرز کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر ڈاکٹر مدثر صدیق، ڈاکٹر شیراز ملک اور ڈاکٹر حسنین خالد موجود تھے۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں اور تعمیراتی کاموں کے دوران ناخوشگوار واقعات اور بڑھتے ہوئے ٹریفک حادثات کے دوران سر کی چوٹوں اور اعضاء کے فریکچر کا خطرہ بھی بڑھا دیا ہے۔ شدید زخمی افراد کی جان بچانے اور ہیڈ انجری کے متاثرین کی کامیاب سرجری کیلئے ضروری ہے کہ نیورو سرجن /نیورو فزیشن کے ساتھ ساتھ آرتھوپیڈک شعبہ سے وابستہ ڈاکٹرز اپنی مہارت کو بڑھائیں اور میڈیکل ورلڈ میں ہونے والی جدید ترقی سے اپنے آپ کو ہم آہنگ رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ مقامی ڈاکٹرز/ سرجنز بین الاقوامی شہرت کے حامل معالجین کے تجربات سے استفادہ کریں۔

ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ آرتھوپیڈک ڈاکٹر میاں محمد حنیف کا کہنا تھا کہ انٹرنیشنل ورکشاپ کا انعقاد ینگ ڈاکٹرز و سرجنز کو ان کی دہلیز پر مواقع فراہم کرتی ہیں کہ وہ سینئر ڈاکٹرز کے تجربات سے ان کی رہنمائی میں اپنی سکلو کو مزید بہتر بنائیں اور پیشہ وارانہ فیلڈ میں سینئر فیکلٹی کے تجربات سے استفادہ کریں تا کہ وہ حادثات و قدرتی آفات میں زخمی ہونے والے افراد کی بروقت طبی امداد بہم پہنچا کر ان کی جانیں بچا سکیں۔ پروفیسر ڈاکٹر حنیف میاں نے مزید کہا کہ اس طرح کی بین الاقوامی تکنیکی ورکشاپس نوجوان ڈاکٹروں/سرجنوں کو اپنے علم کو اپ ڈیٹ کرنے اور ایک اچھا اور موثر ڈاکٹر سرجن بننے کے لیے سینئر اور تجربہ کار ماہرین صحت سے مزید معلومات حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔

لیکچر ز دینے والے نیشنل فیکلٹی میں پروفیسر ڈاکٹر طارق سہیل، پروفیسر ڈاکٹر محمد حنیف میاں، پروفیسر ڈاکٹر محمد نذیر، پروفیسر ڈاکٹر ایاز خان، بریگیڈیئر ڈاکٹر محمد وسیم، ڈاکٹر ریاض الرحمان، ڈاکٹر خضر غالب، ڈاکٹر اعجاز وڈا اور ڈاکٹر محمود تھے۔ ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کئے گئے۔

☆☆☆☆

جنرل ہسپتال میں منعقدہ کیڈورک سپائن سرجری ورکشاپ کے شرکاء میں پروفیسر ڈاکٹر محمد حنیف میاں سرٹیفکیٹس تقسیم کررہے ہیں